Maulana Azad National Urdu University

PhD (Urdu) Coursework I Semester Examination, February 2022

پرچہ : مطالعہء ادب کے طریقِ کار

PHUR102DST: Afsanvi Adab DSE (Fiction)

Marks : 70 **Time : 3 hrs**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 08 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو (100) لفظوں پر مشتمل ہے ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 Marks)**
2. حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو (250) لفظوں پر مشتمل ہے سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3x10 = 30 Marks)**

حصہ اول

1. جدیدیت سے کیا مراد ہے؟ جدیدیت نے اردو افسانے کو کس طرح متاثر کیا؟ مثالوں سے سمجھایئے۔
2. میر امن کی داستان ''باغ و بہار'' کی ادبی و تہذیبی اہمیت واضح کیجیے۔
3. ڈراما انارکلی کے اسٹیج نہ کیے جانے کے اسباب پر روشنی ڈالیے۔
4. ''قرۃ العین حیدر کے یہاں اعلیٰ درجے کا سماجی و تہذیبی شعور پایا جاتا ہے۔'' اس قول کی روشنی میں قرۃ العین حیدر کے فن کا محاکمہ کیجیے۔
5. ''آخری آدمی'' کے کردار الیاسف کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔
6. داستانوں کو اردو ادب کا قیمتی سرمایہ کیوں کہا جاتا ہے؟
7. پریم چند کی ناول نگاری کا جائزہ ان کے عہد کی روشنی میں لیجیے۔
8. آغا حشر کی ڈراما نگاری کا مجموعی جائزہ پیش کیجیے۔
9. ناول میں کردار نگاری کی کیا اہمیت ہے؟
10. ناول ''آخری سواریاں'' پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

حصہ سوم

11. بیگ احساس کے افسانے ''دخمہ'' کا فنی و تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔
12. ''سب رس'' کے اسلوب نگارش کا محاکمہ کیجیے۔
13. ڈرامے کے اجزائے ترکیبی پر روشنی ڈالیے۔
14. ناول کا مطالعہ کرتے وقت ہمیں کن امور پر توجہ دینی چاہیے؟
15. عصر حاضر میں اردو ناول کی صورت حال پر روشنی ڈالیے۔